**14.04.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں......................

**Music**

\-------------------------------

☆ آج بابا صاحب ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کو اُن کی 134ویں جینتی پر خراج عقیدت پیش کیا جارہا ہے۔ صدرجمہوریہ، نائب صدر، وزیراعظم اور لوک سبھا کے اسپیکر نے پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔

☆ وزیراعظم نریندرمودی نے ڈاکٹر امبیڈکر کے یوم پیدائش کے موقع پر ہریانہ میں کئی پروجیکٹوں کا آغاز کیا اور کہا کہ سرکار کی ہر پالیسی سے انصاف اور سب کی شمولیت کے ڈاکٹر امبیڈکر کے راستے کی عکاسی ہوتی ہے۔

☆ مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ نے نئی دلّی میں آل انڈیا فارنسک سائنس سربراہ کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ سرکار ملک میں نظامِ انصاف کو سائنسی طرز پر ڈھالنے اور اِسے عوام پر مرکوز بنانے کی کوشش کررہی ہے۔

☆ روس نے بھارت کے ساتھ مضبوط کلیدی تعلقات کے تئیں اپنے عہد کو دوہرایا ہے۔ اور اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی مستقل رکنیت کے لیے بھارت کی کوشش کی پھر حمایت کی ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں آج شام لکھنؤ سپرجائنٹس کا مقابلہ چنئی سپر کنگز سے ہوگا۔

\----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**AMBEDKAR JAYNTI**

آج بھارتی آئین کے اعلیٰ معمار ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو اُن کی 134 ویں جینتی پر خراجِ عقیدت پیش کیا جارہا ہے۔اس موقع پر ملک بھر میں بہت سی تقریبات کا اہتمام کیا گیا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ،وزیر اعظم نریندر مودی، لوک سبھا اسپیکر اوم برلا، راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہری ونش، راجیہ سبھا میں ایوان کے لیڈر جے پی نڈّا، راجیہ سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر ملکارجن کھڑگے، لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی، مرکزی وزیروں اوراراکان پارلیمنٹ نے پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے مجسمے پر عقیدت کے پھول نذر کیے۔

انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے بڑی تعداد میں عام لوگ بھی وہاں پہنچ رہے ہیں۔×

**Prez Ambedkar Jayanti**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے یوم پیدائش کے موقع پر ہم وطنوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، صدر جمہوریہ نے کہا کہ بابا صاحب نے انتہائی مشکلات کا سامنا کرنے کے باوجود، خود اپنی ایک نمایاں اور منفرد

شناخت قائم کی اور اپنی غیر معمولی کامیابیوں کے سبب دنیا بھر میں احترام حاصل کیا۔ صدر جمہوریہ مرمو نے بابا صاحب کو حیرت انگیز اور غیر معمولی صلاحیتوں اور کثیر جہتی شخصیت کا حامل قرار دیا۔ صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ بابا صاحب، تعلیم کے حصول کو، سماجی تبدیلی اور دبے کچلے مظلوم افراد کو بااختیار بنانے کے لیے، ایک اہم وسیلہ سمجھتے تھے۔ انہوں نے عوام پر بھی زور دیا کہ وہ اپنی زندگی میں ڈاکٹر امبیڈکر کے نظریات کو اختیار کرنے کا عزم کریں۔

**PM Haryana**

وزیرِاعظم نریندرمودی نے آج حصار سے ایودھیا کے لیے کمرشیل پرواز کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا اور حصار ہوائی اڈّے پر ٹرمنل ٹو عمارت کا سنگ بنیاد رکھا۔ نئے ٹرمنل پروجیکٹ کی مالیت **410** کروڑ روپے سے زیادہ ہے۔ اِس میں جدید طرز کا مسافر ٹرمنل، ایک مخصوص بار برداری سہولت اور ایئر ٹریفک کنٹرول عمارت ہوگی۔ اِس موقع پر موجود لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے وزیرِاعظم نے جامع ترقی کے تئیں **BJP** کے عہد کو دوہرایا۔ جناب مودی نے کہا کہ ہریانہ میں سبھی دلتوں، غریبوں، محروم اور پسماندہ طبقوں کی تیز رفتار ترقی کے لیے کام کرنا اُن کی پارٹی کا منتر ہے۔

***Byte- 1400 PM Congress***

وزیرِاعظم نے بابا صاحب بھیم راؤ امبیڈکر کو خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ اُن کا یوم پیدائش دلتوں، محروم اور پسماندہ طبقوں کے لیے دیوالی کی طرح ہے۔جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ بابا صاحب کے منتر کے عین مطابق کام کرتے ہوئے شری کرشن کی دھرتی سے بھگوان رام کی ایودھیا تک پروازوں کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ وزیرِاعظم نے **2014** کے بعد سے ہوائی اڈّوں کے بنیادی ڈھانچے کے فروغ کو اُجاگر بھی کیا۔

***Byte- PM On Airport***

وزیرِاعظم نے کہا کہ آج جب ملک بابا صاحب کو خراج عقیدت پیش کررہا ہے، تو اُن کے نظریات اور خیالات سے سرکار کو ہر قدم پر رہنمائی حاصل ہورہی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ گزشتہ گیارہ سال سے بابا صاحب کی زندگی، اُن کی جدوجہد اور اُن کا اَمر پیغام سرکار کے سفر کی بنیاد رہا ہے۔ وزیرِاعظم نے کہا کہ ہر دن، ہر فیصلہ کرنا اور ہر پالیسی مرتب کرنا ڈاکٹر امبیڈکر کے دکھائے گئے راستے کی سمت ایک معمولی قدم ہے اور یہ راستہ انصاف، سب کی شمولیت اور سب کے لیے وقار کا ہے۔ وزیرِاعظم نے کہا کہ مظلوم سے لے کر محروم تک، قبائلیوں سے لے کر خواتین تک اور غریبوں سے لے کر کمزور طبقوں تک، اُن کی سرکار کی ہر کوشش کا مقصد اِن لوگوں کی زندگی کی کایا پلٹ اور اُن کی امنگوں کو حقیقت کی شکل دینا ہے۔

***Byte- 1400 Pm On Ambedkar***

**HM Forensic Science Summit**

وزیرِداخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ نریندرمودی سرکار ملک میں نظامِ انصاف کو سائنسی طرز پر ڈھالنے اور اسے عوام پر مرکوز بنانے کے لیے کوشش کررہی ہے۔ وہ آج نئی دلّی میں آل انڈیا فارنسک سائنس سربراہ کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ سرکار اِس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کررہی ہے کہ جو لوگ انصاف حاصل کرنے کے لیے کوشش کررہے ہیں، انہیں بروقت انصاف ملے اور ساتھ ہی اطمینان بھی حاصل ہو۔ انھوں نے کہا کہ فارنسک سائنس ملک میں فوجداری نظامِ انصاف کو مستحکم بنانے کے لیے بہت مفید ہے۔

***S-B 1400 Amit shah Judiciary***

**Amit shah Drug**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مودی سرکار منشیات کے نیٹ ورک کو پوری سختی کے ساتھ ختم کررہی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب امت شاہ نے کہا کہ ملک کی ایجنسیوں نے بین الاقوامی بحری سرحد کے نزدیک 300 کلوگرام منشیات ضبط کی ہیں، جن کی مالیت ایک ہزار 800 کروڑ روپے ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ سمندری علاقے میں یہ کارروائی منشیات کی لعنت کے خاتمے کے لیے سرکار کی حکمت عملی کی کامیابی کی ایک مثال ہے۔

***S-B Amit shah***

وزیرداخلہ نے یہ بھی کہا کہ منشیات کا اتنی بڑی مقدار میں ضبط کیا جانا، ملک سے منشیات کے خاتمے کی سمت ایک اور کامیابی ہے۔ جناب امت شاہ نے اِس بڑی کامیابی کے لیے گجرات پولیس اور بھارتی ساحلی محافظ دستے کو مبارکباد دی۔x

**Mehul Choksi Arrested**

ہیرے جواہرات کے مفرور تاجر Mehul چوکسی کو بلجیم میں پولیس نے گرفتار کرلیا ہے۔ ایک رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ اُسے CBI کی درخواست پر ہفتے کو گرفتار کیا گیا اور اس وقت وہ جیل میں ہے۔ چوکسی، پنجاب نیشنل بینک کے قرض گھوٹالے کے کیس کے سلسلے میں پولیس کو مطلوب ہے۔ پولیس نے اسے حراست میں رکھنے کے دوران ممبئی کی ایک عدالت کی جانب سے چوکسی کے خلاف جاری گرفتاری کے 2وارنٹس کا حوالہ دیا ہے۔ خزانے کے وزیرمملکت پنکج چودھری نے چوکسی کی گرفتاری کو ایک بڑی حصولیابی قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نریندر مودی نے پہلے ہی کہا ہے کہ جس کسی نے بھی غریب عوام کا پیسہ لوٹا ہے، اِسے اسے واپس کرنا ہوگا۔

***S/B Pankaj Chaudhary-Mehul***

**Prez-Odia New Year**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے Odia نئے سال PANA-SANKRANTI-MAHAVISHUB سنکرانتی کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، صدر جمہوریہ نے کہا کہ خوشیوں سے بھرا یہ تہوار، لوگوں کو ملک کے لیے لگن کے ساتھ کام کرنے کی بھی ترغیب دیتا ہے۔ انہوں نے اس موقع پر سبھی کے لیے خوشی اور خوشحالی کی دعا کی۔

**Russia India 78th Anniversary**

بھارت اور روس کے درمیان سفارتی تعلقات کے 78 سال پورے ہونے کے موقع پر روس نے بھارت کے ساتھ اپنے دوستانہ رشتوں کے لگاتار تیزی کے ساتھ فروغ پانے اور اِن میں وسعت کے تعلق سے اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ٹیلی گرام پر شیئر کیے گئے ایک پیغام میں روس کی وزارت خارجہ نے اِس موقع پر بھارت کو مبارکباد دی ہے اور باہمی تعلقات میں لگاتار ترقی پر اعتماد ظاہر کیاہے۔ روس نے بھارت کے ساتھ اپنی کلیدی ساجھیداری کو مزید مستحکم بنانے کے اپنے عہد کو بھی دوہرایا ہے۔

روس نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی مستقل رکنیت کے لیے بھارت کی کوشش کے تئیں اپنی حمایت کا اعادہ کیا ہے اور یہ امید ظاہر کی ہے کہ آنے والے برسوں میں ساجھیداری فروغ حاصل کرتی رہے گی۔

روس کی وزارت خارجہ نے اعلیٰ سطح کے باہمی اعتماد، قومی مفادات کے تئیں احترام اور علاقائی اور عالمی اُمور پر مشترکہ نظریات کو اُجاگر کیاہے۔ ساتھ ہی یہ بھی کہا ہے کہ باقاعدگی سے اعلیٰ سطح کی میٹنگوں کے ساتھ دونوں ملکوں کے درمیان سیاسی مذاکرات مستحکم رہے ہیں،

جس میں 2024 میں وزیراعظم نریندرمودی اور روس کے صدر ولادیمیر پوتن کے درمیان دو سربراہ میٹنگ شامل ہیں۔x

**Punjab Bajwa Booked**

پنجاب میں موہالی کی سائبر جرائم شعبے کی پولیس نے BNS کی مختلف دفعات کے تحت اپوزیشن کے لیڈر پرتاپ سنگھ باجوا کے خلاف کیس درج کیا ہے۔ یہ کارروائی مبینہ طور پر ایسی غلط جانکاری پھیلانے کی بنا پر کی گئی ہے، جس سے قومی سلامتی کو زَک پہنچ سکتی تھی۔ باجوا نے ایک ٹیلی ویژن انٹرویو کے دوران مبینہ طور پر یہ کہا تھا کہ 50 بم یا گرینیڈ پنجاب میں اسمگل کیے گئے ہیں اور اِن میں سے 18 بم مختلف تھانوں پر حملوں سمیت دہشت گردانہ سرگرمیوں میں پہلے ہی استعمال ہوچکے ہیں۔ ایک اعلیٰ پولیس افسر Ravjot Grewal ایک پولیس ٹیم کے ہمراہ کل اُن کی رہائش گاہ پر گئے، تاکہ اُن سے یہ پتہ لگایا جاسکے کہ انھوں نے اِس طرح کی جانکاری کہاں سے حاصل کی ہے، لیکن باجوا نے کچھ نہیں بتایا۔ اُدھر ریاست کے وزیراعلیٰ بھگونت مان نے بھی پرتاپ سنگھ باجوا سے یہ کہا تھا کہ وہ یہ بتائیں کہ انہیں یہ جانکاری کہاں سے ملی ہے۔ جناب مان نے اُن سے یہ سوال بھی کیا ہے کہ آیا پاکستان کے ساتھ اُن کا براہ راست رابطہ ہے۔ دوسری طرف باجوا نے اپنے بچاؤ میں بھگونت مان پر سیاسی انتقام سے کام کرنے کا الزام لگایا۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ اپوزیشن کا لیڈر ہونے کے ناطے معتبر ذرائع سے اہم جانکاری حاصل کرنا اُن کا آئینی حق ہے۔x

**Odisha-New Year**

ODIA نیا سال آج پورے اڈیشہ میں جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ زندگی کے سبھی شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگ، ODIA نئے سال کے آغاز کے موقع پر، آج صبح سویرے سے ہی مختلف رسومات کے ساتھ Maha Vishuba سنکرانتی اور Pana سنکرانتی کا جشن منارہے ہیں۔ اس تہوار کے موقع پر Danda-Nacha جیسے ثقافتی رقص اور روایتی رسومات ادا کی جاتی ہیں۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، وزیر اعظم نریندر مودی اور اڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن ماجھی نے ODIA نئے سال کے موقع پر اڈیشہ کے عوام اور دنیا بھر کے ODIA لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

**IPL T 20**

IPL کرکٹ میں آج لکھنؤ میں Ekana کرکٹ اسٹیڈیم میں لکھنؤ سپرجائنٹس کا مقابلہ چنئی سپر کنگز سے ہوگا۔یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔لکھنؤ کی ٹیم چھ میچوں سے چار پوائنٹ کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل میں چوتھے مقام پر ہے، جبکہ چنئی سپر کنگز کی ٹیم چھ میچوں میں سے صرف ایک میچ جیت سکی ہے اور وہ پوائنٹس ٹیبل میں سب سے نیچے ہے۔کل رات کھیلے گئے میچ میں ممبئی انڈینس نے ڈیلی کیپیٹلس کو 12 رَن سے ہرا دیاجبکہ رائل چیلنجرس بنگلورو نے راجستھان رائلز کو 9 وکٹ سے کراکری شکست دی۔x

**Table Tennis World Cup**

ٹیبل ٹینس میں چین کے شہر Macao میں ITTF عالمی کپ 2025 میں بھارت کی Manika Batra اور Sreeja AKula نے خواتین سنگلز کے زمرے میں کامیابی کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کیا ہے۔ عالمی درجہ بندی میں 30 ویں نمبر کی کھلاڑی Manika Batra نے اپنے پہلے میچ میں New Caledonia کی Maylis Giret کو چار- صفر سے ہرادیا۔ اَب اگلے گروپ میچ میں اُن کا مقابلہ عالمی نمبر 23 برازیل کی Bruna Takahashi سے ہوگا۔اِدھر Sreeja نے آسٹریلیا کی کھلاڑی کو تین ایک سے شکست دی۔x

xxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxx